حصہ "ب" (مختصر سوالات کے جوابات) (نشانات:40)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔

تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا — خورشید میں بھی اس کا ہی ذرہ ظہور تھا

سبزہ و گل کہاں سے آئے ہیں؟ — ابر کیا چیز ہے؟ ہوا کیا ہے؟

ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے — میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

ہے انتہائے یاس بھی اک ابتدائے شوق — پھر آ گئے وہیں پہ، چلے تھے جہاں سے ہم

میں نے دیکھا ہے بہاروں میں چمن کو جلتے — ہے کوئی خواب کی تعبیر بتانے والا؟

سوال نمبر۳ (الف) منتخب کردہ اقتباس کے مصنف اور سبق کا نام تحریر کیجیے۔

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے۔

(i) ان نااتفاقیوں نے ہماری قوم کو نہایت ضعیف اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے۔ جمعیت کی برکت ہماری قوم سے جاتی رہی۔ قومی ہمدردی اور ترقی اور قومی امور کے سرانجام دینے میں اس نالائق نااتفاقی نے بہت کچھ اثر بد پہنچایا ہے۔

(ii) آج بھی ہمارے بہت سے نادان دوست کہتے ہیں کہ اگر اس قوم نے انگریزی زبان کا سایۂ عاطفت چھوڑا تو یہ قوم یتیم ہو جائے گی، جاہل وہ جائے گی دنیا میں کوئی اس بات نہ پوچھے گا بین الاقوامی حلقوں میں اس کا اعتبار ساقط ہو جائے گا۔

(iii) شہر چپ چاپ، نہ کہیں پھاوڑا بجتا ہے، نہ رنگ لگا کر کوئی مکان اڑایا جاتا ہے، نہ آہنی سڑک آتی ہے، نہ کہیں دھمدھم بجتا ہے۔ دلی کی طرح خوشحال ہے۔ کاغذ بھر گیا، ورنہ تمہارے دل کی خوشی کے واسطے ابھی اور لکھتا۔

سوال نمبر۴: (الف) منتخب کردہ نظم کے شاعر کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

☆ مردِ مسلمان ☆ نوائے سروش ☆ چپ کی داد

(یا) (الف) درج ذیل جزو کے شاعر اور نظم کا نام تحریر کیجیے۔

(ب) درج ذیل جزو کی تشریح کیجیے۔

اس باغ میں چشمے ہیں ترے فیض کے جاری
ہر نخل برومند ہے یا حضرتِ باری
بلبل کی زباں پر ہے تری شکرگزاری
پھل ہم کو بھی مل جائے ریاضت کا ہماری
وہ گل ہوں عنایت چمنِ طبع نکو کو
بلبل نے بھی سونگھا نہ ہو جن پھولوں کی بُو کو

سوال نمبر۵ (الف) منتخب کردہ سبق کے مصنف کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

☆ فاقے میں روزہ ☆ [illegible] ☆ زیور کا ڈبا

(یا) مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

(i) قدیم دور میں پیٹرول کس کس طرح استعمال کیا جاتا تھا؟

(ii) مولانا رومی کون تھے اور شاہ لطیف سے ان کا کیا تعلق تھا؟

(iii) چندر پرکاش نے ٹھاکر صاحب کا گھر کیوں چھوڑا تھا؟

(iv) جن نے ملکہ سبا سے متعلق کیا معلومات فراہم کیں؟

(v) کارونجھر پہاڑی سلسلہ کس جگہ واقع ہے؟

(vi) شہزادے مہران میں کون کون سی خوبیاں تھیں؟

(vii) کراچی میں اوسطاً کتنے مریضوں کے علاج کے لیے ایک ڈاکٹر ہوتا ہے؟

(viii) اُردو زبان کی ترقی میں پہلے پہل کن لوگوں نے حصہ لیا؟

حصہ "ج" (تفصیلی سوالات کے جوابات) (نشانات:20)

سوال نمبر۶: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نثر نگار کی طرز تحریر یا کسی ایک شاعر کے کلام کی خصوصیات تحریر کیجیے۔

☆ سرسید احمد خان ☆ خواجہ حسن نظامی

☆ میر تقی میر ☆ نظیر اکبر آبادی

(یا) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون تحریر کیجیے۔

☆ کرونا کی وباء میں تعلیم کے نقصانات

☆ معاشرے پر سوشل میڈیا کے اثرات کا جائزہ لیجیے

www.ilmkidunya.com